فن

تاریخ گوئی اور اسکی روایت

ڈاکٹر فرمان فتح پوری
ایم۔اے۔ایل ایل۔بی۔بی۔ٹی۔پی۔ایچ۔ڈی۔ڈی۔لٹ
صدر شعبہ اردو کراچی یونیورسٹی

Marfat.com

فنِ تاریخ گوئی اور اُس کی روایت

ڈاکٹر فرمان فتح پوری

ایم۔ اے۔ ایل ایل۔ بی۔ بی۔ ٹی۔ پی ایچ۔ ڈی۔ ڈی۔ لٹ

صدر شعبۂ اردو کراچی یونیورسٹی

سنگ میل پبلی کیشنز، چوک اُردو بازار، لاہور

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مُصنّف محفوظ

قیمت...... ۲/- روپے

سیّد اختر حسین نے ایجوکیشنل پریس کراچی سے چھپوا کر شائع کی۔

Marfat.com

فہرست مضامین

۱۔ کتاب سے پہلے	۴
۲۔ فنِ تاریخ گوئی، اصول و مسائل	۵
۳۔ تاریخ گوئی سے متعلق ذخیرۂ کُتب	۲۹
۴۔ ہم عدد الفاظ	۴۷
۵۔ لغات الاسماٗ مع اعداد	۱۷

Marfat.com

کتاب سے پہلے

تاریخ گوئی کا فن اور اس سے دلچسپی ہماری ادبی روایت کا اہم حصہ ہے۔ بیشتر اہم واقعات کی تاریخیں، ہمارے یہاں اسی فن کی معرفت محفوظ ہیں۔ نتیجتاً ادب و تاریخ کے طالبِ علم کے لیے ضروری ہوجاتا ہے کہ وہ اس فن کے اُصول و نکات سے پوری طرح واقف ہو۔ لیکن مشکل یہ ہے کہ تاریخ گوئی کے فن پر قلم اٹھانے والوں نے اس موضوع پر شاعرانہ صنائع بدائع کی صورت میں ایسی پیچیدہ بحثیں چھیڑی ہیں کہ ادب کا عام قاری، تاریخ گوئی کے فن سے دلچسپی لینے کے بجائے اُس سے بدظن ہوجاتا ہے۔

ہرچند کہ اس موضوع پر کتابوں کی کمی نہیں ہے۔ درجنوں کتابیں لکھی گئی ہیں لیکن ایک بھی ایسی نہیں جو کسی دیے ہوئے مادۂ تاریخ سے اصل اعداد حاصل کرنے میں مدد کرتی ہو۔ وجہ یہ ہے کہ اساتذۂ فن نے حروف کے اعداد نکالنے میں اکثر من مانی کی ہے۔ خصوصاً ہمزہ، الف، تا اور ہائے ہوز کے اعداد محسوب کرنے میں اصول سے زیادہ ضرورت کو پیشِ نظر رکھا ہے۔

اس صورتِ حال نے ۸۲ء میں مجھ سے نگار کا فنِ تاریخ گوئی نمبر نکلوایا، اس میں فنِ تاریخ گوئی کے اصول بھی واضح کیے گئے، متعلقہ کتب کی نشان دہی بھی کی گئی اور ابرار ہاشمی فتح پوری کا مرتبہ ذخیرۂ الفاظ بنام اعداد الاسماء و لغات الاسما بھی شامل کردیا گیا۔ یہی نمبر اپنی نایابی کے سبب اس وقت کتابی شکل میں آپ کے سامنے ہے۔

فرمان فتح پوری

۲۰ مارچ ۸۴ء

Marfat.com

فن تاریخ گوئی کے اصول و مسائل

اسطلاح میں کسی لفظ ، لفظوں کے مجموعے ، فقرے ، عبارت ، مصرعے ، شعر ، عبارت کے کسی ٹکڑے ، یا اشعار ، یا شعر کے کسی جزو ، کی مدد سے ، سن ہجری یا عیسوی میں کسی واقعہ کے ظہور میں آنے کی تاریخ نکالنے کو ، تاریخ گوئی یا فن تاریخ گوئی کہتے ہیں ۔ واقعہ کے لئے کسی خاص ، موقع یا موضوع کی تخصیص نہیں ہے ، ذاتی ، وغیر ذاتی ، معاشرتی وتہذیبی ، علمی وادبی ، اور سیاسی وتاریخی ، ہر قسم کے واقعات وموضوعات ، کی تاریخ نکالی جا سکتی ہے ۔ بقول جلال لکھنوی ۔

"جاننا چاہیے کہ تاریخ لغت میں کسی چیز کے وقت ظاہر کرنے کو کہتے ہیں اور مورخین یعنی تاریخ گویوں کی اسطلاح میں کسی امر عظیم اور واقعہ قدیم ومشہور ، مانند کسی بادشاہ کی سلطنت یا کسی فتنہ وفساد وجنگ وکارزار ، یا شادی ومرگ ، یا بنائے عمارت [illegible] باغ وغیرہ ودیگر سوانح کی ابتدا کی مدت معین کرنے کو بولتے ہیں۔" ؎۱

لیکن تاریخ گویوں نے بالعموم " امر عظیم اور واقعہ قدیم ومشہور " کے شرط کی پابندی نہیں کی ۔ بلکہ معمولی معمولی واقعات وحالات کی تاریخیں بھی نظم ونثر دونوں میں کہی ہیں ۔ صاحب ، خزانۂ عامرہ ، غلام علی آزاد بلگرامی لکھتے ہیں کہ :۔

؎۱ ۔ مقدمہ افادۂ تاریخ ص ۲ مطبوعہ مطبع جعفری لکھنؤ مطبوعہ ۱۳۰۲ھ مطابق ۱۸۸۵ء

Marfat.com

"اصطلاح میں تاریخ اس کو کہتے ہیں کہ کوئی لفظ یا فقرہ، یا عبارت، مصرعے یا بیت ایسی تجویز کریں کہ اس کے مکتوبی حروف کے عددوں سے بحساب جمل سن اور سال کسی واقعہ، شادی یا وفات، کے معلوم ہوں یا نکاح، خواہ تولد فرزند یا تصنیف کتاب، خواہ لڑائی یا بادشاہ کے جلوس یا اور امر کے وقوع کا زمانہ سمجھا جائے۔" عل۵

تاریخ گوئی کا فن خاصا قدیم ہے اور دوسرے فنون ادبی کی طرح ندرت سے ہمارے ادبیات میں مروج ہے۔ اس فن کا بڑا فائدہ یہ ہے کہ اس کے ذریعے کسی واقعہ کے ظہور میں آنے کی تاریخ کو مستقلاً محفوظ کر لینے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ پرانے سے پرانے واقعہ کی تاریخ اس کی مدد سے سامنے آسکتی ہے اور دوسرے افادات کے ساتھ، تاریخ کے اس مروجہ علم میں بھی معاون ہو سکتی ہے جو اقوام و ملل کے حالات و واقعات کے نام سے مدارس و جامعات میں پڑھائی جاتی ہے مختصراً یوں سمجھنا چاہیئے کہ کسی واقعہ کی تاریخ وقوع کو لفظوں کے ذریعے دائماً، محفوظ کر لینے کا نام، فن تاریخ گوئی ہے۔ مثلاً اگر کسی شخص کو نیاز فتح پوری کی تاریخ پیدائش معلوم نہ ہو، البتہ اسے اس کا علم ہو کہ ان کا تاریخی نام "لیاقت علی خاں" تھا تو وہ شخص اس نام کی مدد سے، ان کا سال پیدائش معلوم کر سکتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اس فن میں، حروف، سے اعداد کا کام بھی لیا جاتا ہے۔ یعنی ہر حرف کا ایک خاص عدد مقرر ہے اور جب متعلقہ حروف کے اعداد جمع کر دیتے ہیں تو مطلوبہ تاریخ برآمد ہو جاتی ہے چنانچہ اوپر کی مثال میں "لیاقت علی خاں" کے حرفوں کے اعداد، فن تاریخ گوئی کے مطابق، اس طور پر بنتے ہیں۔

عل۵ - بحوالہ بحر الفصاحت ص ۹۹۶ - مطبوعہ مطبع نولکشور لکھنؤ ۱۹۲۶ء

Marfat.com

ل + ی + ا + ق + ت + ع + ل + ی + خ + ا + ن = لیاقت علی خان

۳۰+۱۰+۱+۱۰۰+۴۰۰+۷۰+۳۰+۱۰+۶۰۰+۱+۵۰ = ۱۳۰۲ھ

گویا، اس نام کے ذریعے معلوم کرلیا گیا کہ نیاز فتح پوری کا تاریخ پیدائش ۱۳۰۲ھ ہے۔

تاریخ نکالنے کا یہ طریقہ، جیسا کہ عرض کیا گیا، بہت قدیم ہے، یہ ضرور ہے کہ اب ایسے وہ مقبولیت نہیں رہی جو پہلے تھی۔ پھر بھی اس سے دلچسپی رکھنے والوں کا ایک بہت بڑا طبقہ ابھی موجود ہے۔ اس دلچسپی کے دو خاص سبب ہیں، ایک تو یہی کہ اپنی ضرورت کی تاریخ کو آسانی سے محفوظ کر سکتے ہیں۔ دوسرے اس لئے کہ ہمارے اسلاف، عام طور قابل ذکر واقعات کی تاریخوں کا تحفظ اسی شکل میں کرتے تھے۔ ایسے میں جب تک آج کا کوئی ادیب یا محقق اس فن کے رموز و اصول سے واقفیت نہ رکھتا ہو وہ کسی واقعے کی تاریخ یا سن کا، سراغ نہیں لگا سکتا۔ چونکہ ہمارے ادیبوں کی نئی نسل، علم عروض و قافیہ اور بیان و بدیع کی طرح تاریخ گوئی کے فن سے بھی عموماً ناواقف ہے اور جو اس سے واقفیت حاصل کرنا چاہتے ہیں وہ بھی پرانے طرز پر لکھی ہوئی کتابوں سے فارسی و عربی الفاظ و تراکیب سے آراستہ اور ثقیل و پرپیچ ہونے کے سبب بدکتے ہیں، اس لئے ضروری معلوم ہوا کہ اس فن کا سادہ طریقے سے تاریخی جائزہ بھی لیا جائے اور اس کے قواعد و اصول بھی آسان صورت میں واضح کئے جائیں۔

فنِ تاریخ گوئی کی بنا حقیقت میں عربی کے حروف تہجی پر رکھی گئی ہے، یہ حروف تعداد میں اٹھائیس ۲۸ ہیں اور ان کی موجودہ ترتیب اس طور پر ہے

ا، ب، ت، ث، ج، ح، خ، د، ذ، ر، ز، س، ش
ص، ض، ط، ظ، ع، غ، ف، ق، ک، ل، م، ن
و، ہ، ی،

Marfat.com

لیکن کسی زمانے میں اِن حروف کی ترتیب اس سے مختلف ، مندرجہ ذیل شکل میں تھی ۔

ا ، ب ، ج ، د ، ہ ، و ، ز ، ح ، ط ، ی ، ک ، ل ، م ، ن
س ، ع ، ف ، ص ، ق ، ر ، ش ، ت ، ث ، خ ، ذ ، ض ، ظ ، غ

ان حرفوں کو مندرجہ ذیل ، آٹھ کلمات میں مرتب کر لیا گیا تھا ۔ تاکہ ، ذہن میں محفوظ رکھا جا سکے ۔

۱۔ ابجد = ا ، ب ، ج ، د
۲۔ ہوّز = ہ ، و ، ز
۳۔ حطّی = ح ، ط ، ی
۴۔ کلمن = ک ، ل ، م ، ن
۵۔ سعفص = س ، ع ، ف ، ص
۶۔ قرشت = ق ، ر ، ش ، ت
۷۔ ثخذّ = ث ، خ ، ذ
۸۔ ضظغ = ض ، ظ ، غ

چونکہ ان کلمات کا پہلا لفظ " ابجد " ہے اس لئے عربی کے حروف تہجی کو دوسرے لفظوں میں ابجد سے بھی موسوم کیا جاتا ہے اور چونکہ بعض علوم و فنون میں ان سے حساب و اعداد کا بھی کام لیا جاتا ہے ۔ اس لئے حروف جُمل بھی کہلاتے ہیں ۔ ابجد ، ہوّز ، کے ان آٹھ کلمات کی ایجاد کے بارے میں عربی ، فارسی اور اردو کی مختلف فنّی کتب اور لغات میں ، عجیب و غریب روایات ملتی ہیں ، ... جو روائتیں بتکرار نظر آتی ہیں وہ حسب ذیل ہیں ۔

۱۔ ابوجد یا ابا جاد ، نامی ایک بادشاہ گزرا ہے ، اسی کا مخفف " ابجد " ہے باقی سات کلمات کا تعلق اس کے سات بیٹوں کے ناموں سے ہے ۔ علہ

Marfat.com

۲۔ مرامر نامی کوئی شخص تھا۔ جس نے رسم الخط ایجاد کیا تھا اور یہ آٹھوں کلمات اس کے آٹھ بیٹوں کے نام ہیں۔

۳۔ بعض کے نزدیک، ان کلمات کے حروف، خاص ترتیب اور مفہوم کے ساتھ، حضرت آدم علیہ السلام پر نازل ہوئے جنھیں ترتیب دے کر، حضرت ادریس علیہ السلام نے یہ آٹھ کلمات بنا لئے۔

۴۔ ایک روایت یہ بھی ہے کہ ان کلمات کو مدین کے چھے بادشاہوں نے ایجاد و مرتب کیا تھا۔

۵۔ بعض نے ان کلمات کو مختلف، دیووں، شیطانوں اور جنوں کے ناموں سے منسوب کیا ہے۔

علامہ نیاز فتح پوری نے "ابجد کی ایجاد" کے عنوان سے اظہار خیال کرتے ہوئے جو رائے ظاہر کی ہے اس کے مطابق ان کلمات کی ایجاد و اختراع کے بارے میں اس طرح کی جتنی روائتیں ملتی ہیں، سب بے دلیل و بے بنیاد ہیں انکے لفظوں میں

"یہ سارے بیانات لغو ہیں، حقیقت یہ ہے کہ عربوں نے حروف ہجا، عبرانی اور آرامی زبان سے حاصل کئے اور چونکہ وہاں یہی ترتیب تھی جو ابجد، ہوز وغیرہ میں پائی جاتی ہے اس لئے عربوں نے بھی اسے بجنسہٖ لے لیا۔ بعد کو البتہ اس ترتیب میں بلحاظ اسلوب تحریر و مخارج میں کچھ فرق ہو گیا" ۱؎

"ابجد" کی تشریح کرتے ہوئے اس کی ایجاد و اختراع کے بارے میں کم و بیش اسی قسم کا حکم ان کلمات کے بارے میں، دائرہ معارف اسلامیہ کے مرتبین نے لگایا ہے ۲؎

۱؎۔ نگار (لکھنؤ) معلومات نمبر ص ۱۰۴ جنوری فروری ۱۹۵۸ء

۲؎۔ دائرہ معارف اسلامیہ جلد اول ص ۲۰۷ مطبوعہ دانش گاہ پنجاب لاہور ۱۹۶۴ء (طبع اول)۔

Marfat.com

ابجد، ہوّز کی ایجاد کی طرح، اِن کلمات کے معانی بھی، مختلف لغت نویسوں اور فن تاریخ پر بحث کرنے والوں نے الگ الگ لکھّے ہیں۔ لیکن ان میں سے معانی کی ایک روایت بہت عام ہے اور مختلف کتب و لغات میں اس طور پر منقول ہوئی ہے۔

ابجد = آغاز کرد

ہوّز = در پیوست

حطّی = واقف

کلمن = سخن گو شد

سعفص = زود بیاموزت

قرشت = ترتیب کرد

ثخّذ = در دل گرفت

ضظغ = تمام کرد۔ ع۱۵

ابجد، ہوّز کے جن آٹھ کلمات کا ذکر اوپر کیا گیا۔ ان میں سے ہر حرف کی قیمت یا اعداد، بحساب جمّل، مقرر ہیں اور یہ ذیل کے مطابق ہیں۔

ابجد	ا = ۱	ہوّز	ہ = ۵
	ب = ۲		و = ۶
	ج = ۳		ز = ۷
	د = ۴		

ع۱۵۔ مخزن الفوائد ص ۳ از مہدی حسین ناصری۔ مطبوعہ مشن پریس الہ آباد ۱۹۲۴ء۔ طبع اوّل۔

Marfat.com

حطّی	ح	۸
	ط	۹
	ی	۱۰
کلمن	ک	۲۰
	ل	۳۰
	م	۴۰
	ن	۵۰
سعفص	س	۶۰
	ع	۷۰
	ف	۸۰
	ص	۹۰
قرشت	ق	۱۰۰
	ر	۲۰۰
	ش	۳۰۰
	ت	۴۰۰
ثخذّ	ث	۵۰۰
	خ	۶۰۰
	ذ	۷۰۰
ضظّغ	ض	۸۰۰
	ظ	۹۰۰
	غ	۱۰۰۰

عربی میں، فارسی کے حروف، پ، چ، ژ اور گ نہیں ہیں، یہی صورت ہندی اور اردو کے حروف ٹ، ڈ اور ڑ کی ہے، اس لئے ان کا حل یہ نکالا گیا ہے کہ ان حروف کی قیمت اردو حروف تہجی میں ان حروف سے قبل آنے والے حروف کی قیمت کے مطابق مقرر کر دی گئی ہے۔ چنانچہ

پ	ب	۲
ٹ	ت	۴۰۰
چ	ج	۳
ڈ	د	۴
ڑ	ر	۲۰۰
ژ	ز	۷
گ	ک	۲۰

حروف کی مندرجہ بالا قیمتیں یا ان کے اعداد معلوم ہوں اور وہ خاص فقرہ یا مادۂ تاریخ بھی سامنے ہو، جس سے تاریخ نکالی گئی ہے تو اس کے حروف کے اعداد کو جمع کر کے مطلوبہ تاریخ نکالی جا سکتی ہے۔ لیکن اعداد شمار کرنے کے بھی کچھ اصول وضوابط ہیں اور جب تک وہ ذہن میں نہ ہوں۔ تاریخی مصرعہ یا فقرے سے صحیح تاریخ کا برآمد کرنا مشکل ہوتا ہے۔ اس لئے اُن کی تفصیل کا جاننا بھی از بس ضروری ہے۔ اہم اصول، جن پر تقریباً سارے محققین اور اہل فن متفق ہیں وہ حسب ذیل ہیں۔

(۱) صرف اُن حروف کے اعداد شمار کئے جاتے ہیں جو مکتوبی ہوتے ہیں۔ یعنی مادۂ تاریخ کی کتابت میں شامل ہوتے ہیں، خواہ پڑھنے میں، ان کا تلفظ سے کوئی تعلق نہ ہو، مثلاً۔

(ا) الرحمٰن اور عبدالرشید میں، ال کے اعداد شمار ہوں گے۔ حالانکہ یہ . . . پڑھنے میں نہیں آتے۔

(ب) خواب، میں ۲ کے اعداد لئے جائیں گے اگر تلفظ سے یہ ظاہر نہیں ہوتا

(ج) عربی کے بعض فقروں مثلاً آمنوا، اور قالوا وغیرہ کے آخر میں جو الف آتا ہے، ہر چند کہ تلفظ میں ادا نہیں کیا جاتا لیکن اُس کا عدد دیا جائے گا۔

(د) یہ، اگرچہ، نہ، اور فسانہ، وغیرہ کا آخری حرف ہائے ہوز، تلفظ میں ادا نہیں کیا جاتا لیکن چونکہ مکتوبی ہے اس لئے اس کے عدد لئے جائیں گے۔

(س) بچہ، اچھ، کھ وغیرہ کی بھی یہی صورت ہے کہ ہائے مخلوط اگرچہ الگ سے دا تیخ آواز نہیں دیتی پھر بھی مکتوب ہونے کے سبب حساب میں شامل کیجائے گی

(ر) سنگ، بنگ، رنگ میں نون، پڑھنے میں بہت واضح نہیں ہے۔ مگر چونکہ لکھا گیا ہے اس لئے شمار کیا جائے گا۔

(ل) عربی کے فقروں میں جیسے۔ فانصرہ، وا قتلوھم، وغیرہ کا الف شمار ہو گا کہ تلفظ میں نہ آنے کے باوجود مکتوبی ہے۔

Marfat.com

(۴) فارسی تراکیب مثلاً دل وجان اور رسم وراہ کا حرف عطف "واؤ" اکثر پڑھنے میں نہیں آتا لیکن محسوب کیا جائے گا۔

یوں سمجھنا چاہیئے کہ تاریخ گوئی کے فن میں حروف کا شمار، اصولِ تقطیع یا فنِ عروض کے بالکل برعکس ہے عروض یا تقطیع کی بنیاد، ملفوظ الفاظ پر ہے یعنی وہ ساری آوازیں، تقطیع میں شمار ہوں گی جو کسی لفظ کے تلفظ میں شامل ہیں خواہ املا میں ان کا اظہار ہوا ہو یا نہ ہوا ہو۔ اس کے برعکس تاریخ نکالنے میں وہ سارے حروف محسوب ہونگے جو کسی لفظ کے املا میں آئے ہیں۔ خواہ تلفظ سے خارج ہی کیوں نہ ہوں۔

البتہ، بعض الفاظ، اردو میں، ایسے نظر آئیں گے جن میں اگرچہ کوئی حرف کسی نہ کسی شکل میں اوپر یا نیچے، یا شروع اور آخر میں مکتوب ہوتا ہے۔ اسکے باوجود اس کے اعداد شمار نہیں کئے جاتے۔ وجہ یہ ہے کہ اردو میں تاریخ گوئی کی اساس، عربی املا پر ہے۔ اور عربی الفاظ کے املا میں، اس قسم کے حروف، بطور اصلی شمار نہیں کئے جاتے، اسی لئے۔

(ا) عیسیٰ اور موسیٰ، سمٰوات وغیرہ کی "ی" پر جو الف لکھا گیا ہے وہ تاریخ گوئی میں محسوب نہ ہوگا۔

(ب) خرّم، فرّخ، کلّن وغیرہ کے حروف وسط پر اگرچہ تشدید ہے اور یہ دو بار پڑھنے میں آتے ہیں لیکن چونکہ دو بار مکتوب نہیں ہوئے اسلئے شمار نہیں ہونگے

(ج) آب، آم، آگ وغیرہ کے شروع کا الف، مد کے ساتھ آیا ہے۔ یعنی ممدودہ ہے اور تلفظ میں بھی مکرر آتا ہے مگر چونکہ دو بار نہیں لکھا جاتا، اس لئے حرف ایک الف شمار ہوگا۔

(د) ہمزہ، عربی کے حروف تہجی میں شامل نہیں، اس لئے اصولاً اور عموماً اس کا کوئی عدد محسوب نہ ہوگا۔ لیکن عربی، فارسی اور اردو میں، چونکہ ہمزہ، سیکڑوں الفاظ میں مستعمل حرف کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

Marfat.com

اس لئے جن الفاظ میں ہمزہ، تلفّظ کے اعتبار سے "ی" کا قائم مقام ہوگا اور اس کے اظہار کے لئے ہمزہ کے نشان کے علاوہ، اُن کے املا میں کوئی شوشہ یا دندانہ بنایا جائے گا، ان کے ہمزہ کے دس عدد لئے جائیں گے۔ مثلاً "آئینہ" کے لفظ کو لے لیجئے۔ اس میں ہمزہ، چونکہ "ی" کا قائم مقام اور مستقل حرف کے طور پر دندانے کے ساتھ لکھا گیا ہے، اس لئے اس لفظ کو "آیینہ" متصور کیا جائے گا اور اس میں حرف "ی" کے اعداد دوبار شمار ہوں گے۔ چنانچہ جلال لکھنوی نے بہت واضح لفظوں میں لکھا ہے کہ :۔

"ہمزہ کا ایک عدد لینا کسی طرح صحیح نہ ہوگا۔ غلط بلکہ اغلط ہے کہ مورخین نے کبھی ہمزہ کا کوئی عدد تاریخ میں نہیں لیا۔ یائے معروف جس پر ہمزہ یعنی خطِ منحنی لکھ دیتے ہیں۔ عربی کی ہو خواہ فارسی کی، خواہ ہندی کی، اس کے بیس عدد لئے جائیں گے اس لئے جب کسرۂ ماقبل، اس کا اشباع پائے گا۔ وہ دوسری "یا" ہو جائے گا اور کتابت بھی دو یاؤں سے چاہئے۔ جیسے مائی، ہوائی، خدائی، رہائی، آئی، بنائی، دکھائی، گئی، کئی بمعنی چند، نئی بمعنی نو، ہوئی وغیرہ کی یائے معروف کے بیس اعداد لئے جائیں گے اور یائے مجہول کے عدد، خواہ اُس پر ہمزہ لکھا جائے خواہ نہ لکھا جائے دس عدد لئے جائیں گے جیسے جائے، خدائے، صفائے، آئے، پائے، لائے، کی "یائے مجہول کے عدد دس لئے جائیں گے"۔ علہ

یہی کیفیت قائد، دائم، قائم، ضائع، مائع، شائع، صنائع، بدائع، ذرائع، نائب، جائز، شائستہ، غائر، تائب، سائب، غائب، خائف، تحائف، کوائف، لطائف، غرائب، عجائب، زائد، شائق، نائل، رئیس، سئیس، شائد، تائید، عنائت، رعائت، زائر، دائر، سائل، قائل، حائل، مائدہ، طائفہ، لائقہ، فائقہ، فائدہ، بلائیں،

علہ۔ افادۂ تاریخ۔ ص ۱۳

Marfat.com

سنائیں، دکھائیں، ہوائیں، جائیے، چاہئے، لائیے، سوئیے، روئیے، شائق، معائنہ، مضائقہ، چھوئیں، بوئیں، دھوئیں، سائبان رائیگاں، شرائط، جزائر، نقائص، مسائل، قرائن، نائن، ذائقہ، لائق، فائق، آرائش، زیبائش، کے قبیل کے بے شمار الفاظ کی ہے کہ ان میں ہمزہ بطور حرف مستقل، شوشے یا دندانے کے ساتھ آیا ہے اس لئے اس کے دس عدد لئے جائیں گے۔

مندرجہ بالا مثالوں کے برعکس علماء، فقراء، شعراء، التباء، جاؤ، کھاؤ، لاؤ، آئے، جائے، کھائے، بندۂ خدا، دیدۂ نم، نامۂ شوق، نالۂ دل، حوصلۂ دل، عمدۂ منتخبہ، تذکرۂ شعرا اور اسطرح کے بہت سے الفاظ کا ہمزہ محسوب نہ ہوگا کہ ان میں، اس کی حیثیت نہ تو، حرف زائد کی ہے اور نہ اس کے لئے کوئی شوشہ یا دندانہ استعمال کیا گیا ہے۔

بعض تاریخ گویوں نے اس قیاس پر کہ ہمزہ، عربی کے بعض الفاظ میں کہیں الف کا قائم مقام ہوتا ہے کہیں 'ی' کا اور کہیں واؤ کا۔ کبھی اس کا ایک عدد لیا ہے کبھی دس اور پانچ اعداد شمار کئے ہیں، لیکن جیساکہ جلال کا قول اوپر گذر چکا ہے، یہ کسی طرح درست نہیں بلکہ غلط محض ہے۔ اصلاً ہمزہ کے اعداد شمار کرنے کا وہی اصول درست ہے جس کی تفصیل اوپر دی جا چکی ہے یعنی ہمزہ کے صرف دس عدد، 'ی' کے بدل کے طور پر اس وقت لئے جائیں گے جب کہ اسے مستقل حرف کی حیثیت سے دندانے کے ساتھ ظاہر کیا گیا ہو۔

(۳) تائے قرشت یعنی "ت" کے اعداد صریحاً چارسو ہیں اور وہی محسوب ہوتے ہیں۔ لیکن اس میں بھی بعض تاریخ گویوں نے غلطیاں کی ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ عربی رسم الخط میں "ت" کو دائرے کی صورت میں بھی لکھا جاتا ہے۔ اور یہ تائے مدوّرہ کہلاتی ہے۔ املا میں اس کی شکل کہیں کہیں، ہائے ہوز کی شکلوں سے بھی مشابہ ہو جاتی ہے۔ چنانچہ تاریخ نکالنے والوں میں سے

Marfat.com

بعض نے "ت" کے ہر صورت میں چار سو شمار کئے، بعض نے ہائے ہوز قیاس کر کے صرف پانچ عدد لئے ہیں اور بعض نے حسب ضرورت من مانی کی ہے یعنی کبھی چار سیکڑے لئے ہیں اور کبھی صرف پانچ عدد۔ حالانکہ غلام علی آزاد بلگرامی اور جلال لکھنوی جیسے اساتذۂ فن کا یہ فیصلہ ہے کہ تائے قرشت اگر املا یعنی الفاظ مکتوبی میں اپنی آواز اور نقطوں کے ساتھ آئے تو ہر صورت اس کے چار سو اعداد شمار ہوں گے ورنہ صرف پانچ عدد۔[۱] لیکن جو لوگ عربی سے واقف ہیں اور جانتے ہیں کہ تائے قرشت، ہائے ہوز کی شکل میں بھی لکھی جاتی ہے جیسے

ا۔ علامت تانیث کے طور پر، والدہ اور عاملہ وغیرہ میں۔

ب۔ مثل تائے مصدری جیسے تذکرہ اور مقابلہ وغیرہ میں۔

ج۔ تائے مدورہ کی شکل میں جیسے عمدہ اور دُرّہ وغیرہ میں۔

انھوں نے تائے قرشت کی آواز اور نقطوں کو نظر انداز کر کے، اس قسم کے الفاظ کی "ت" کو بھی حالانکہ یہاں اس کی مکتوبی صورت واضح طور پر ہائے ہوز کی ہے اور اس کی آواز بھی کہیں ظاہر نہیں ہوتی، تائے دراز متصوّر کر کے چار سو اعداد محسوب کئے۔ یہ غلط اور صریحاً غلط ہے۔ وجہ یہ ہے فنِ تاریخ گوئی یا جمل کی اساس حروف مکتوبی پر ہے تلفظ پر نہیں ہے۔

اردو املا میں بھی عربی کی طرح، تائے قرشت کی وہی شکلیں بنتی ہیں جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے یعنی بہت سے الفاظ میں وہ ہائے ہوز کی طرح لکھی جاتی ہے اور خاموش ہوتی ہے، جیسے روضہ، مدینہ، مشورہ، عمدہ، خزینہ اور تذکرہ وغیرہ میں یا فارسی کے مرکبات اضافی یا توصیفی میں جیسے دائرۂ انتخاب، تذکرۂ شعراء سورۂ رحمان، مقابلۂ حسن، مشورۂ سخن اور نسخۂ کیمیا وغیرہ میں چونکہ ان الفاظ میں "ت" کو ہائے ہوز کی صورت میں لکھا گیا ہے اور حساب جُمّل

---

[۱] افادۂ تاریخ ص ۱۲ خزانۂ عامرہ ص ۳۰۔۳ مطبوعہ نولکشور

Marfat.com

کا مدار لکھنے پر ہے۔ اس لئے ان میں "ت" کو "ہ" سمجھا جائے گا اور اس کے صرف پانچ عدد لیے جائیں گے۔ عربی مرکبات میں بھی جہاں اس قسم کے الفاظ، بطور صفت یا مضاف آتے ہیں اور ان میں تائے قرشت، بغیر نقطوں کے "ہ" کی صورت میں لکھی جاتی ہے اور خاموش رہتی ہے۔ جیسے کتاب العمدہ اور بنت الفاطمہ وغیرہ، وہاں بھی، اُسے ہائے ہوز متصوّر کر کے صرف پانچ عدد محسوب ہوں گے۔ البتہ اس نوع کے مرکبات میں، جہاں یہ الفاظ بطور موصوف اور مضاف الیہ مستعمل ہوں جیسے خزینۃ العلوم سفینۃ الاولیا، مراۃ الغیب اور عمدۃ الانتخاب وغیرہ میں تو ان میں تائے قرشت کے چار سو اعداد ہی لئے جائیں گے۔ صرف اس وجہ سے کہ مدورہ ہونے کے باوصف، نقطہ اور آواز کے ساتھ مکتوب ہوئی ہے، اس ساری بحث کا خلاصہ یوں ہوا کہ

ا۔ "ت" کا حرف آواز اور نقطوں سے مشروط ہے، اس لئے مکتوبی صورت میں، جب دو نقطے ہوں گے اور یہ اپنی آواز ظاہر کرے گا۔ تو اس کے چار سو لئے جائیں گے۔ خواہ اسے کسی شکل میں لکھا جائے۔

ب۔ اس کے برعکس اگر "ت" کی آواز خاموش ہوئی اور اس پر نقطے بھی نہ ہوئے، تو اسے ہائے ہوز ہی سمجھا جائے گا اور اس کے صرف پانچ عدد لئے جائیں گے۔

تاریخ نکالنے کی صورتیں ۔ تاریخیں، دو طریقے سے نکالی جاتی ہیں۔

(۱) صوری

(۲) معنوی

صوری طریقے سے مراد ایسا اسلوب تاریخ گوئی ہے جس میں مطلوبہ تاریخ یا، سال کو واضح الفاظ کی صورت میں بیان کر دیا گیا ہو اور حرفوں کے اعداد محسوب کرنے کی ضرورت نہ ہو۔ مثلاً شیخ سعدی نے اپنی مشہور

Marfat.com

تصنیف "گلستاں"، کی تاریخ اس طور پر کہی

درآں مدّت کہ مارا وقت خوش بود

زہجرت ، شش صد وپنجاہ دشش بود

اس کے دوسرے مصرعے میں واضح لفظوں میں ظاہر کردیا گیا ہے۔ کہ "گلستاں" کا سال تصنیف ۶۵۶ھ ہے۔

لیکن معنوی تاریخ ، اس کے برعکس حساب جُمل سے یعنی حروف کے اعداد کے ذریعے نکالی جاتی ہے اور دراصل اسی طریقۂ تاریخ کو فنِ تاریخ گوئی کہتے ہیں۔ یہ طریقہ اولاً سیدھا سادہ تھا اور مادّۂ تاریخ کے سارے حروف کے اعداد کو جمع کرکے تاریخ نکل آتی تھی۔ یہ طریقہ آج بھی عام ہے اور حق یہ ہے کہ اس طریقے سے ، ہزاروں ، خوبصورت ، آسان مختصر اور واقعہ کی نسبت سے موزوں ترین تاریخیں نکالی گئی ہیں۔ مثلاً غنی کشمیری نے ابوطالب کلیم کی تاریخ وفات یوں کہی ہے۔

طورِ معنی بود روشن از کلیم ۔ ۱۰۶۱ھ

میر علی اوسط رشک نے ناسخ کے انتقال پر کہا

مرقدِ ناسخِ اعجاز بیاں واویلا ۔ ۱۲۵۲ھ

ضامن علی جلال لکھنوی نے میر انیس کی وفات پر کہا۔

مرد ہے ہے سخنِ در کامل ۔ ۱۲۹۱ھ

سرکشن پرشاد نے داغ دہلوی کی تاریخ وفات یوں لکھی۔

دلّی کا چراغ بجھ گیا آہ ۔ ۱۳۲۲ھ

لیکن بعد کو علم بدیع کے حوالے سے ، تاریخ گوئی فن میں بھی طرح طرح صنعتوں اور بدعتوں سے کام لیا گیا۔ چنانچہ ، فن تاریخ اور علم بدیع کی بعض کتابوں میں ان کی تفصیلات سے بحث کی گئی ، لیکن امرواقعہ یہ ہے کہ ان میں سے بعض صنعتیں ، ایک طرح کا گورکھ دھندا ہیں ، مفت کی محنت دریا صنعت

Marfat.com

نہ زبان میں دلکشی ، نہ بیان میں لذّت ، نہ واقعہ مذکور سے کوئی تعلق اور نہ موضوع سے کوئی نسبت ، ذہنی مشقت اور "کوہ کندن کاہ برآوردن" کا صحیح اطلاق انھیں پر ہوتا ہے۔ پھر اساتذۂ قدیم نے انھیں ایسی عبارت آرائی اور فارسی امثال کے ساتھ ، بالعموم بیان کیا ہے کہ خاص خاص کے سوا ، کوئی دوسرا ان سے پوری طرح استفادہ نہیں کرسکتا۔ اس جگہ ساری جزیات سے بحث کرنا اور خواہ مخواہ مضمون کو طول دینا مناسب نہ ہوگا۔ پھر بھی جو طریقے عام طور پر مروّج ہیں اور آج بھی برتے جاتے ہیں ، اور پرانوں نے بھی ان میں ، اچھی اچھی تاریخیں کہی ہیں ان کا ذکر اس جگہ کیا گیا ہے۔

(۱) صرف نقطے دار یعنی حروفِ منقوطہ کی مدد سے تاریخ نکالی جائے ، جیسے کلیاتِ قدر بلگرامی کی تاریخ طباعت ، قیام الدین نیّر نے اس طور پر کہی۔

"نظمِ قدرِ بلگرامی بہتر از دُرِّ یتیم"

اس مصرعے کے حروف منقوطہ یعنی ن ، ظ ، ق ، ب ، ی ، ب ، ت ، ز ، ی اور ی سے ۱۸۹۱ء برآمد ہوتے ہیں۔ تاریخ گوئی کے اس طریقۂ کار کو صنعتِ معجمہ ، یا صنعت منقوطہ یا صنعت اعجام کا نام دیا گیا ہے۔

(۲) کبھی صرف غیر منقوطہ حروف کے اعداد محسوب کئے جاتے ہیں ، جیسے جلال لکھنوی کے ایک شاگرد نے ان کے دیوان اوّل کی تاریخ طباعت اس مصرع سے نکالی ہے کہ

سُرودِ ہر دلِ والا گہر ، کہ اس کو کہہ ۔۔۔ ۱۳۰۰ھ

اس طریقۂ کار کو صنعتِ مہملہ یا صنعتِ غیر منقوطہ یا صنعت اہمال سے موسوم کیا جاتا ہے۔ کبھی صنعتِ مہملہ و معجمہ کو یکجا کردیتے ہیں ، یعنی کوئی شعر یا قطعہ و مصرعہ ایسا کہتے ہیں جس کے حروف منقوطہ سے بھی تاریخ نکلتی ہو اور غیر منقوطہ سے بھی۔

(۳) زبر و بینات بھی تاریخ گوئی کی ایک صنعت ہے۔ لیکن اس کو

سمجھنے کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ اہل جمل نے حروف کی تین خاص قسمیں کی ہیں
(۱) ایسے حروف جن کے تلفظ کے آخر میں عربی و فارسی کے مطابق الف آتا ہے جیسے ب، ت، ث، ح، خ، ر، ز، ذ، ط، ظ، ف، ہ اور ی جن کا تلفظ عربی و فارسی میں۔ با، تا، ثا، حا، خا، را، زا طا، ظا، فا، ہا اور یا کیا جاتا ہے۔ ان حروف کو اصطلاح میں حروف مسروری کہتے ہیں۔

(ب) ایسے حروف جن میں اصل حرف کی آواز کے ساتھ تلفظ میں بعض دوسری آوازیں یا حروف بھی شامل ہو جاتے ہیں۔ مثلاً
ا، ج، د، ذ، س، ش، ص، ض، ع، غ، ق، ک اور ل، جن کو تلفظ، الف، جیم، دال، ذال، سین، شین، صاد، ضاد، عین، غین، قاف، کاف اور لام کیا جاتا ہے۔ ان کا اصطلاحی نام حروف ملفوظی ہے۔

(ج) تین حروف، م، ن، اور و" کو مکتوبی کہا جاتا ہے وجہ یہ ہے کہ جب یہ ملفوظی صورت یعنی، میم، نون، واؤ کی شکل میں لکھے جاتے ہیں تو ان کے تلفظ کے شروع اور آخر میں گھوم پھر کر، وہی حرف اصلی آجاتا ہے، چنانچہ اگر صرف پہلے قسم کے حروف کی مدد سے تاریخ نکلتی ہے تو وہ صنعت مسروری کہلائے گی، صرف دوسرے قسم کے حروف برآمد کی جائے گی تو صنعت ملفوظی کا نام پائے گی۔ اور صرف تیسرے قسم کے حروف محسوب کئے جائیں گے۔ تو صنعت مکتوبی کہا جائے گا۔ لیکن حروف کی ان اقسام سے جو بہت مشہور طرز تاریخ گوئی نکلا گیا ہے اور وہ زبر و بیّنات کہلاتا ہے اور اس کی صورت یوں ہے کہ اہل جمل

(ا) اصل حروف کے پہلے حرف کے اعداد کو زبر کہتے ہیں۔ مثلاً اوپر کے ہر گروہ سے باعتبار تلفظ ایک ایک حرف۔ با، الف اور جیم کو لے لیجئے

Marfat.com

ان کے پہلے حرف یعنی ب ، ۲ اور ج کے اعداد زُبُر کہلاتے ہیں، چنانچہ اگر کوئی تاریخ ، صرف اِن کی مدد سے نکالی جائے گی تو وہ زُبُر کہلائے گی۔

(۲) زُبُر کے علاوہ جو حروف کسی حرف کے تلفظ میں شامل ہوتے ہیں وہ بیّنات کہلاتے ہیں۔ مثلاً اوپر کے تین حروف۔ با ، الف اور جیم میں اگر ب ، ا ، اور ج " کے اعداد کو چھوڑ کر " ۲ ، ل ف ، اور ی م " کے اعداد بیّنات کہلائیں گے اور اگر صرف انہی سے تاریخ نکالی گئی ہے تو وہ بیّنات ہی سے موسوم ہوگی

(۳) البتہ جب مادّۂ تاریخ میں زُبُر و بیّنات دونوں قسم کے حروف کے اعداد شمار کئے جائیں گے تو اسے زُبُر و بیّنات کا نام دیا جائے گا ، جیسے دیوانِ داغ ، مہتابِ داغ کی تاریخ میر مہدی حسن آلم نے ایک قطعہ میں اس طور پر کہی ہے۔

چھپ چکا استاد کا دیوان جب ۔ عیسوی تاریخ الم نے یوں کہی
بیّنات و زُبُر میں دیکھو عدد ۔ گلشن بے خارہ ہے دیواں یہی

۱۸۹۸ء

یا ، جلال لکھنوی کے ایک شاگرد یاسؔ نے ان کے دیوانِ اوّل کے خاتمہ کی کی تاریخ اس طرح کہی ہے کہ

سالش بہ زُبُر و بیّنات است ۔ دیوانِ جلالِ باکمال ایں

۱۳۰۰ھ

صنعت زُبُر و بیّنات کے لئے ضروری ہے کہ مادّۂ تاریخ کے سارے زُبُر و بیّنات کے اعداد محسوب کئے جائیں ، یہ صورت ناقص ہوگی کہ بعض، زبر و بیّنات کے اعداد لئے جائیں اور بعض کے نظر انداز کر دیئے جائیں۔ جلال لکھنوی نے لکھا ہے کہ

" یہ جائز نہیں کہ بعض بیّنات کو لے لیں ، اور بعض کو ترک کریں جیسا کہ مرزا سلامت علی دبیرؔ مغفور مرثیہ گو

مشہور نے میر ببر علی انیس مرحوم کی وفات کی تاریخ زبر و بینات میں فرمائی ہے اور وہ یہ ہے۔

طورِ سینا بے کلیم اللہ منبر بے انیس

۱۲۹۱ھ

اور یہی کیا ہے کہ بعض بیّنات کو اخذ کیا ہے اور بعض کو ترک، یہ مؤلف تاریخ مدان[ملاحظہ] کے نزدیک کسی طرح جائز نہیں ہے اساتذہ میں کبھی کسی نے ایسا نہیں کیا۔"

(۴) تاریخ گوئی کا ایک اور مشہور طریقہ یہ ہے کہ مادّۂ تاریخ میں کچھ اعداد کم یا زائد ہو جاتے ہیں لیکن اس کمی کو پورا کرنے یا زائد کو خارج کرنے کا کوئی اشارہ اس میں موجود ہوتا ہے۔ چنانچہ اُسی اشارے کے مطابق مادّۂ تاریخ کے مجموعی اعداد سے اشارہ شدہ حروف کے اعداد کو خارج کر دیتے ہیں یا ضرورت ہوئی تو جمع کر دیتے ہیں۔ اعداد کم ہوئے تو مادّۂ تاریخ ناقص الاعداد کہلاتا ہے اور زائد ہوئے تو زائد الاعداد۔ گویا اس طریقہ کار کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) ایک کا اصطلاحی نام، تعمیہ تدخلہ ہے۔ اس میں بعض حروف کے اعداد مادّہ تاریخ کے اعداد میں داخل یا جمع کئے جاتے ہیں جیسے، مظہر جاناں کی شہادت پر سودا نے مندرجہ ذیل رباعی بطور تاریخ وفات کہی کہ[۵]

مظہر کا ہوا قاتل جو اک مرتدِ شوم - اور اُن کی ہوئی خبر شہادت کی عموم

تاریخ وفات ان کی کہی بروئے درد - سودا نے کہ ہائے جانِ جاناں مظلوم"

چوتھے مصرعے کے ٹکڑے "ہائے جانِ جاناں مظلوم" کے اعداد گیارہ سو اکانوے ہوتے ہیں لیکن تیسرے مصرعے کے "بروئے درد" میں یہ اشارہ موجود ہے کہ "درد" کے چہرے یعنی حرف اوّل "دال" کے چار اعداد اس میں شامل کئے

۵۔ افادۂ تاریخ ص ۷ نگار، تاریخ نمبر جولائی ۱۹۶۳ء

136781

Marfat.com

جائیں گے، اس طرح تاریخ وفات کا سال ۱۱۹۵ھ نکل آیا۔

اسی طرح قربان علی بیگ، سالک نے، مومن خاں مومن کی تاریخ وفات کے سلسلے میں جو اشعار کہے ان کا آخری شعر یہ ہے ؎

کہا دل نے کہ داخل ہو گئے سب ۔ "ارم" میں عارف و تسکین و مومن

اس میں "ارم" کے اعداد دو سو اکتالیس ہوتے ہیں۔ اب اگر ان میں عارف و تسکین اور مومن کے اعداد داخل کر دیے جائیں تو تاریخ وفات ۱۲۶۸ھ برآمد ہو جائے گی۔

(ب) دوسری قسم وہ ہے جس کے مادۂ تاریخ کے اعداد مطلوبہ تاریخ سے کچھ زائد ہوتے ہیں ان کو تفریق کرنے سے تاریخ نکل آتی ہے۔ اس کا اصطلاحی نام تعمیہ تخرجہ ہے۔ مثلاً داغ دہلوی کی تاریخ وفات ان کے ایک شاگرد نے اس طور پر کہی ؎

"دم" نکلتا ہے سن کے یہ تاریخ ۔ آج راہی جہاں سے داغ ہوا

دوسرے مصرعے سے ۱۳۶۶ھ برآمد ہوتے ہیں۔ لیکن پہلے مصرعے میں "دم" کے اعداد کو نکال دینے کا اشارہ پایا جاتا ہے۔ چنانچہ "دم" کے اعداد چوالیس کو اس میں سے خارج کر دینے سے صحیح تاریخ ۱۳۲۲ھ نکل آتی ہے۔ یہی صورت ان مصرعوں کی ہے

لکھیئے نادر مثا کے "دلی" کو ۔ آج راہی جہاں سے داغ ہوئے

دوسرے مصرعے کے اعداد سے "دِلی" کے چوالیس نکالدینے سے داغ کا سن وفات ۱۳۲۲ھ نکل آتا ہے۔ یا مومن خاں مومن کی بیٹی کی تاریخ ولادت کے سلسلے میں یہ مصرعے بہت مشہور ہیں ؎

"نال" کٹنے کے بعد ہاتف نے ۔ کہی تاریخ "دخترِ مومن"

"دخترِ مومن" کے اعداد تیرہ سو چالیس ہوتے ہیں۔ اس میں سے "نال" کے اعداد اکیاسی، تخرجہ کر دینے سے ۱۲۵۹ھ رہ جاتے ہیں یہی اصل تاریخ پیدائش ہے

Marfat.com

(۵) تاریخ گوئی کے ان مشہور طریقوں کے علاوہ بھی تاریخ گو شعرائے اس سلسلے میں عجیب وغریب تکلفات ولوازمات اور معمات ومہمات سے کام لیا ہے اور سیکڑوں طریقے سے تاریخیں نکال کر ان کے الگ نام رکھدئیے ہیں اور صنعت کا نام دیا ہے۔ مثلاً

(۱) بعض نے صرف مفرد یعنی ایسے حرف سے تاریخ نکالی ہے جو کسی دوسرے حرف سے متصل نہیں ہوتے بلکہ الگ الگ لکھے جاتے ہیں۔

(۲) بعض نے صرف متصل حروف کو مادّۂ تاریخ ٹھہرایا ہے۔

(۳) بعض نے مادّۂ تاریخ کے اعداد کو آپس میں ضرب دے کر تاریخ نکالی ہے۔ مثلاً عبدالحکیم جوش میرٹھی نے امداد اللہ مہاجر مکّی کی تاریخ وفات یوں نکالی ہے کہ

بگو سہ مرتبہ شیدائے حق آہ

۴۳۹ × ۳ = ۱۳۱۷ھ

یا، داغ کے شاگرد اَلَم نے "مہتاب داغ" کی تاریخ طبع سِنِ فصلی میں اس طور نکالی ہے کہ

سالِ فصلی یوں بھی نکلے اے اَلَم ۔ تین چکر گر لگائے "روزگار"

۴۳۴ × ۳ = ۱۳۰۲ فصلی

اس طریقۂ کار کو اصطلاح فن میں صنعت تضاعف یا صنعت ضرب کا نام دیا گیا ہے۔

(۴) صنعت تضاعف سے ملتی جلتی ایک صنعت تضاعف ہے۔ اس میں کسی لفظ یا فقرے کے اعداد کو المضاعف یعنی دوچند کر لیا جاتا ہے جیسے ضیا حیدرآبادی نے ایک شادی کے موقع پر کہا ؎

مبارک ہو دلھن کو رونمائی ۔ حبیب اللہ مسرت سے ہیں محمود

ضیا نے عرض کی جلوے کی تاریخ ۔ مضاعف ہو گیا "نورٌ علیٰ نور"

Marfat.com

۶۲۲ × ۲ - ۱۲۴۴ھ

(۵) کبھی مادۂ تاریخ میں نام کا استعمال اس طرح کیا جاتا ہے کہ نام اِسم نہیں معلوم ہوتا جیسے میر الٰہی بخش کی رحلت پر کسی نے کہا ؎

"الٰہی بخش دے اپنے کرم سے"

اس مصرعے سے تاریخ برآمد ہو جاتی ہے اور اسے اصطلاح میں سجع کہا جاتا ہے۔

(۶) بعض ماہرینِ فن نے پوری پوری غزلیں، نظمیں، قصیدے اور طویل قطعات ایسے کہے ہیں۔ جن کے ہر مصرعے یا ہر شعر سے مطلوبہ تاریخ نکالی ہے اور اسے صنعتِ ترصیع کا نام دیا ہے۔ اس صنعت کو کبھی، طرح طرح سے برتا گیا ہے۔ کبھی دونوں مصرعوں سے ایک ہی سن، یعنی ہجری یا عیسوی نکالا گیا۔ کبھی ایک مصرعے سے عیسوی اور دوسرے سے ہجری یا فصلی برآمد کی گئی ہے۔ اس میں بھی کبھی منقوطہ کبھی غیر منقوطہ کبھی مفردہ کبھی متصلہ کبھی متحرک اور ساکن حروف وغیرہ کا التزام کر لیا گیا ہے۔ کبھی ایک ایک مصرعے سے دو دو تاریخیں نکالی گئی ہیں اور اس کا التزام پوری نظم میں کیا گیا ہے۔ ظاہر ہے کہ عموماً اس قسم کی تاریخ گوئی میں ریاضت ہی ریاضت ہے اور شعریت سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ پھر بھی بہت سی مثالیں ایسی مل جاتی ہیں جن میں تاریخ گوئی کے ساتھ کمالِ شاعرانہ کا بھی اعتراف کرنا پڑتا ہے جیسے مولانا حامد حسن قادری کا درج ذیل فارسی قطعہ جو علامہ اقبال کی وفات پر کہا گیا ہے اور رسالہ اردو کے اقبال نمبر اکتوبر ۱۹۳۸ء میں شائع ہوا ہے۔ عنوان سے لے کر آخر تک مرصّع ہے۔ اس کے کسی مصرعے سے سال ہجری ۱۳۵۷ھ اور کسی سے عیسوی ۱۹۳۸ء برآمد ہوتا ہے اس کے بارے میں انھوں نے صحیح کہا ہے کہ ؎

قطعۂ گفتہ ام کہ ہر مصراع — مشعر می شود بہ سال وفات

رفعتِ درجت — ترجمانِ حقیقت فیلسوف عصر

۱۳۵۷ھ — ۱۹۳۸ء

سحر بیان آگاہ دل، ڈاکٹر سر محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ

۱۹۳۸ء

درنظر عقیدت

۱۹۳۸ء

کمترین افقر حامد حسن قادری عفی اللہ عنہٗ

۱۹۳۸ء

رفت اقبال، آفتاب جہاں — رفت اقبالِ وقت بدر آیات

۱۳۵۷ھ — ۱۹۳۸ء

رفت اقبال وہم گل افشانی — رفت اقبال و رفت زیب حیات

۱۳۵۷ — ۱۹۳۸

فخر اسلام و نازِ عالم علم — نازِ مشرق بہترین صفات

۱۳۵۷ — ۱۹۳۸

ترجمانِ حقیقتے، بے باک — حق پژدہ و فقیرِ خوش اوقات

۱۳۵۷ — ۱۹۳۸

آں قلندر صفت سخن پیرائے — آں مثالِ حکیم وقفِ نکات

۱۹۳۸ — ۱۳۵۷

نام اقبال روشن و شیریں — ذاتِ اقبال مجمع الحسنات

۱۳۵۷ — ۱۹۳۸

تربتِ پاک، محفلِ قدسی — روحِ پرنور و مہبطِ برکات

۱۳۵۷ — ۱۳۵۷

Marfat.com

اس صنعت کو اساتذۂ فن نے بکثرت استعمال کیا ہے اور عجیب و غریب کرتب دکھائے ہیں۔ یعنی، ایسے التزامات بھی کئے گئے ہیں کہ اگر پورے قطعہ کے مصرعۂ اوّل کے حرفِ اوّل سے وہ اسمِ خاص برآمد ہو جاتا ہے جس کے بارے میں تاریخ کہی گئی ہے، کبھی دوسرے مصرعے کے سلسلے میں اسی طرح کی پابندی لازمی کر لی گئی ہے اور کبھی ایسی شرائط کو عائد کر لیا گیا ہے۔ جن کا فن تاریخ گوئی سے حقیقتاً کوئی رابطہ نہیں ہے بلکہ بعض شعرائے صرف اپنی مہارت ظاہر کرنے کے لئے ایسا کیا ہے اور بے کیف و بے اثر قطعات تاریخی کا انبار لگا دیا گیا ہے اسلئے اس قسم کی ساری جزیات کو بطور مثال پیش کرنا اور مضمون کو طول دینا مناسب نہیں ہے

(۷) تاریخ گوئی کے صنائعِ لفظی و معنوی سے قطع نظر، بعض شعرائے اپنے قطعات میں اس طرح التزام کیا ہے کہ اس سے صرف سال نہیں بلکہ وقت دن اور تاریخ بھی نکل آتی ہے۔ مثلاً امانت لکھنوی کے بیٹے، سیّد حسن لطافت نے میر انیس کی وفات کے سلسلے میں مندرجہ ذیل کہا ہے ؎

جو میر ببر علی ہیں انیس ذاکر شاہ — وحید دہر سب اہلِ جہاں کے راس و رئیس
فصیح و کامل و حسّان وقت وعلی عصر — جناں میں جا کے ہوئے ساتھ حورعیں کے جلیس
قریب شام ہوئے آہ دکمال تمام — آخر جاید تھا گزرے تھے آہ دن انتیس
منایہ واقعہ جانکاہ جب کہی تاریخ — کہ جس میں لفظ ہیں آئے مناسب اور سلیس
بیان مصرعہ آخر کے اب صنائع ہوں — بفکر سمجھیں لطافت جسے حساب نویس
شروع مصرعے تاریخ جو کہ ہیں دو حرف — مہینا ایک ہے اور دوسرا ہے روز خمیس
سنین بھی ہیں عیاں اس سے عیسوی ہجری — جو بینات زبر ہوں رقم بطورِ نفیس
وہ مرثیے، نہ وہ پڑھنا نہ وہ بڑے مجمعے — اداس مجلسِ ماتم ہے سامعین دل بیس

عجیب مصرعِ تاریخ ہے ملا یکتا
یہ پنجتن کا ہے نوحہ انیس ہائے انیس ؎[1]

(حاشیہ اگلے صفحہ پر)

Marfat.com

اس قطعہ میں آخری مصرعے کے بارے میں بتایا گیا ہے کہ شروع کے دو حرفوں میں پہلا حرف، مہینے کی نمائندگی کرتا ہے دوسرہ روز خمیس کی چونکہ شروع کے دو حرف "ی" اور "ہ" ہیں "ی" کے اعداد دس اور "ہ" کے پانچ ہوتے ہیں۔ اس لئے دسواں مہینہ اور پانچواں دن واضح ہو گیا۔ اس سے پہلے بھی اشارہ کر دیا گیا ہے کہ شام کا وقت اور آخیر چاند تھا۔ اس کی بھی وضاحت موجود ہے کہ زبر و بیّنات کے قاعدے سے سن عیسوی اور ہجری دونوں برآمد ہوتے ہیں۔ اسی لئے اس قطعہ سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ میر انیس کا انتقال ۲۹ ر شوال ۱۲۹۱ھ بروز چہار شنبہ بوقت شام ہوا۔ جیسا کہ تاریخ لطیف میں تصریح موجود ہے ۲۹ ر شوال ۱۲۹۱ھ ۹ ر دسمبر ۱۸۷۴ء کے مطابق ہے۔

حاشیہ صفحہ گزشتہ

علہ۔ میر انیس حیات اور شاعری صفحہ ۳۲۔ مطبوعہ اردو اکیڈمی سندھ کراچی ۱۹۷۶ء

علہ۔ تاریخ لطیف مرتبہ اکبر علی خاں ص ۲۹۔ مطبوعہ نگار رامپور جولائی ۱۹۶۳ء

فنِ تاریخ گوئی سے متعلّق ذخیرۂ کتب پر ایک نظر

گزشتہ صفحات کے مطالعہ سے واضح طور پر اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ تاریخ گوئی کی روایت اور اس کے فن کے بارے میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ ایجاد بندہ نہیں ہے۔ اس سلسلے میں بزرگوں نے بہت کچھ لکھا ہے۔ اور میں نے امکان بھر، اس سے استفادہ کیا ہے۔ ہرچند کہ حساب جمل یا ابجد کا ذکر عربی کی بعض کتابوں میں ملتا ہے بلکہ یہ فن، اصلاً، آیا ہی عرب و عجم سے ہے، لیکن عجیب بات ہے کہ اہل عرب و عجم کے یہاں میری تلاش و دانست کی حد تک اس موضوع پر کوئی مستقل کتاب نظر نہیں آتی بلکہ تحریری صورت میں، عربی، فارسی اور اردو میں جہاں کہیں فن تاریخ گوئی پر کچھ ملا ہے وہ برصغیر کے اہل قلم کی توجہ کا نتیجہ ہے۔ اس لئے اس فن کی تاریخ اور اس کی روایت پر قلم اٹھانے کا باقاعدہ آغاز حقیقتاً پاک و ہند کی سرزمین سے ہوتا ہے۔ میں نے کوشش کی ہے کہ جو کچھ لکھا گیا ہے اس پر ایک نظر ڈالوں، چنانچہ اس سلسلے میں ایک دو نہیں، درجنوں کتابیں دیکھیں، ان کے تضادات و اختلافات پر غور کیا، اور تقابلی مطالعہ و موازنہ کے ذریعے، ان میں سے جن اجزا اور ضوابط کو درست جانا انھیں اختصار کے ساتھ بیان کر دیا۔

اس سلسلے میں کون کون سی قدیم و جدید کتابیں میرے پیش نظر رہی ہیں ان کا بھی اجمالی ذکر ضروری معلوم ہوتا ہے کہ جن لوگوں کو اس

Marfat.com

موضوع سے دلچسپی ہو، وہ اُن سے براہ راست استفادہ کرسکیں۔
"لغات تاریخ نگاری" کے عنوان سے کسریٰ منہاس صاحب نے بھی بعض کتابوں کا جائزہ اپنے ایک مضمون مطبوعہ صحیفہ میں کیا ہے [۵۱] لیکن ان کا یہ مضمون صرف چند کتابوں کے تعارف تک محدود ہے۔
میری نظر میں اس سے بہت زائد کتابیں ہیں اور اس جگہ بہت اختصار کے ساتھ، میں ان کی نشان دہی کروں گا۔ یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ ہمارے یہاں، فن تاریخ گوئی سے متعلق جو مواد تحریری صورت میں ملتا ہے، اسے سہولت کی خاطر، مندرجہ ذیل شعبوں میں تقسیم کرسکتے ہیں۔

ا۔ ضمنی تذکرہ یعنی وہ مواد جو لغات، قواعد اور علم معانی و بیان کی بعض کتابوں مثلاً بحر الفصاحت، مخزن الفوائد اور دائرۃ المعارف وغیرہ میں کیا ہے

ب۔ فن تاریخ گوئی اور اعداد الاسماء۔ ایسی تصنیف و تالیف یا رسالے جن میں فن تاریخ گوئی پر، مفصل یا مجمل بحث کی گئی ہے یا بے شمار، ایسے الفاظ یکجا کئے گئے ہیں جو مادہ ہائے تاریخ کے طور پر استعمال ہوسکتے ہیں۔

ج۔ قطعات تاریخی۔ ایسی کتابیں یا کتابچے جن میں مختلف افراد و واقعات سے متعلق تاریخی واقعات جمع کئے گئے ہیں اور ان میں سے بعض میں فن تاریخ گوئی پر بھی سرسری سا تبصرہ ہے۔

میں اس جگہ، شق اوّل کو نظر انداز کرکے، صرف دوسری اور تیسری شق سے متعلق، چند کتب و رسائل کا ذکر کروں گا۔

---

[۵۱] "صحیفہ" (لاہور) شمارہ ۔ ۴۵، بابت اکتوبر ۱۹۶۸ء
دس سالہ قومی ترقی نمبر۔ مرتبہ ڈاکٹر وحید

Marfat.com

افادۂ تاریخ اُردو کے مشہور شاعر، سید ضامن علی جلال لکھنوی کا مختصر سا لیکن بہت اہم رسالہ ہے۔ "افادۂ تاریخ" سے ۱۳۳۲ھ نکلتے ہیں، یہی اس رسالے کے اختتام کا سال ہے، کتاب کے آغاز میں جلال نے لکھا ہے کہ

"نام تاریخی اس رسالے کے آغازِ تالیف کا مادۃ التاریخ اور ختم تالیف کا افادۂ تاریخ رکھا جاتا ہے۔"

"مادۃ التاریخ" سے جلال نے ۱۲۹۲ھ نکالے ہیں، گویا، تائے مدورۃ کے اعداد چار سو کے بجائے حرف ہائے ہوز کے مساوی، یا پانچ عدد لئے ہیں یہ فن تاریخ گوئی کے اصول کے منافی ہے۔ ہرچند کہ ایسا بعض دوسرے تاریخ گویوں نے بھی کیا ہے۔ امیر مینائی اور نواب محمد کلب علی رامپوری کے دیوان سوم کے تاریخی نام علی الترتیب "مراۃ الغیب" اور "دُرّۃ الکمال" ہیں۔ ان میں بھی تائے مدوّرہ کے صرف پانچ عدد محسوب ہوئے ہیں لیکن جیسا کہ اصولوں کی بحث میں یہ بات وضاحت سے بیان ہو چکی ہے، نقطے دار تائے مدوّرہ کو کسی صورت میں بھی ہائے ہوّز خیال کرنا درست نہیں ہے۔

"افادہ تاریخ" میں تاریخ گوئی کے قواعد و اصول سے عالمانہ بحث کی گئی ہے، یہ بحث مقدمہ کے علاوہ تین ابواب اور خاتمہ پر مشتمل ہے، مقدمہ، اصولِ تاریخ گوئی پر مبنی ہے۔ باب اوّل میں، تاریخ صوری اور باب دوم میں، تاریخ معنوی کا بیان ہے۔ باب سوم میں صوری و معنوی دونوں قسم کی ملی جلی، تاریخ گوئی کے مباحث و مسائل ہیں۔ خاتمے پر مختصر تقریظیں ہیں جن میں رسالے کی طباعت کا سال ۱۳۰۳ھ نکالا گیا ہے۔ یہ رسالہ مدّت سے نایاب تھا۔ عرشی زادہ جناب اکبر علی خاں نے اسے جولائی ۱۹۶۳ء کے نگار (رامپور) میں شائع کر دیا ہے۔ اور یہ

Marfat.com

اس کے بیس صفحوں میں پھیلا ہوا ہے۔

مُلخّص تسلیم تاریخی نام ہے، اس سے سنہ ۱۳۱۰ھ برآمد ہوتے ہیں، یہ سالِ آغاز یا تکمیل ہے۔ جہاں تک طباعت کا تعلق ہے یہ کتاب سنہ ۱۸۹۶ء مطابق سنہ ۱۳۱۴ھ مطلع العلوم پریس مرادآباد سے چھپی ہے اس کتاب کے مصنف منشی انوار حسین تسلیم سہسوانی ہیں اور فارسی زبان میں ہے۔ چھوٹی تقطیع کے کل ایک سو بیس صفحے ہیں۔ اس کتاب میں تاریخ گوئی کے مفہوم، ابجد کی اصطلاحات و تاریخ اور تاریخ گوئی کے اصول سب پر بحثیں ہیں اور اس میں شبہہ نہیں کہ فن تاریخ پر لکھی جانے والی کتابوں میں یہ بہت اہم ہے اور اس سے بہتوں نے فائدہ اٹھایا ہے ضامن علی جلال لکھنوی کی کتاب "افادۂ تاریخ" میں بتائے ہوئے بعض اصولوں پر اس کتاب میں سخت تنقید کی گئی ہے اور اکثر جگہ انکو طعن و تعریض کا نشانہ بنایا گیا ہے۔ کتاب کے آخری تین چار صفحے قطعات تاریخ اور تقریظوں کے لئے مخصوص ہیں۔ یہ کتاب اب نایاب ہے، انجمن ترقیٔ اردو کے کتب خانے میں البتہ اس کا ایک نسخہ محفوظ ہے۔

مُلہمِ تاریخ انوار حسین تسلیم سہسوانی کی کتاب "ملخّص تسلیم" کا اردو ترجمہ ہے، یہ بھی تاریخی نام ہے۔ سنہ ۱۳۲۶ھ نکلتے ہیں۔ اس کے مترجم سیّد اقتدار احمد ساحر ہیں اور یہ بھی مطلع العلوم پریس مرادآباد ہی سے سنہ ۱۹۱۲ء میں چھپی ہے۔ اس کتاب کے بارے میں کچھ اور لکھنا بے محل ہوگا کہ اصل کتاب ملخّص تسلیم کی تفصیل اوپر آچکی ہے

غرائب الجُمل عبدالعزیز نواب عزیز جنگ متخلص بہ وِلا کی تصنیف ہے اور سنہ ۱۳۳۷ھ میں عزیز المطابع حیدرآباد دکن سے شائع ہوئی ہے۔ بڑی تقطیع میں چار سو آٹھ صفحات پر مشتمل، فنِ تاریخ گوئی پر ایک مبسوط اور عالمانہ کتاب ہے۔ پہلے "جمل" کے مفہوم اور اسکے

Marfat.com

اقسام پر مفصّل بحث ہے پھر "تاریخ گوئی" کی تعریف اور اس فن سے اہلِ عرب و اہلِ عجم کی بے نیازی کا ذکر ہے، بعد ازاں تاریخ گوئی کے اقسام اور صنائعِ لفظی و معنوی کی تفصیل ہے۔ نیز سنِ ہجری کے علاوہ، عیسوی موسوی، مہدوی، فصلی، شمسی، سنِ فارسی، سنِ بنگلہ اور ساکا وسمّت وغیرہ پر بھی روشنی ڈالی گئی ہے اور مثال میں تاریخی قطعات دیے گئے ہیں۔ اس کے بعد سو صفحات میں متاخرین، متقدمین اور معاصرین کے تاریخی کلام کے نمونے ہیں۔ یہ نمونے مختلف مواقع سے متعلق ہیں اور مختلف شعراء کے کلام سے اخذ کئے گئے ہیں۔ ان نمونوں میں فنِ تاریخ گوئی سے متعلق صنعتوں کے ایسے ایسے کمالات نظر آتے ہیں، کہ شعراء کی مہارتِ فن کا بہرحال قائل ہونا پڑتا ہے۔ کتاب کے آخر میں حسابِ جمل اور فنِ تاریخ گوئی سے متعلق جو اصطلاحی الفاظ، کتاب کے اندر آئے ہیں ان کی فرہنگ دی ہوئی ہے اور کتاب، ایک دو نثری تقریظوں پر ختم ہو جاتی ہے۔

گنجینۂ تواریخ میر نادر علی رعدؔ کی تالیف ہے، مطبع فخر نظامی حیدرآباد دکن سے ۱۳۱۳ھ مطابق ۱۸۹۵ء میں شائع ہوئی ہے۔ ابتدائی دو صفحوں میں فنِ تاریخ گوئی کا اجمالی تذکرہ ہے پھر ایک سے لے کر انیس سو تک کے اعداد کے لئے الفاظ دیے گئے ہیں کتابت جلی حروف میں ہے۔ الفاظ کی تعداد کسی عدد کے مقابل بھی چار سے زیادہ نہیں ہے۔ عموماً ہر عدد کے لئے ایک یا دو لفظ ملتے ہیں۔ دو سو سولہ صفحے کی کتاب میں آخری سولہ صفحوں میں قطعات تاریخی ہیں۔ اس کتاب کے تاریخی مادّے، عموماً مرکبات کی صورت میں ہیں اور اسم علم کے بجائے اشعار ہی میں کھپائے جا سکتے ہیں۔

Marfat.com

اُمّ التواریخ تاریخی نام ہے ۔ ۱۲۸۹ھ نکلتے ہیں، اس کا دوسرا ایڈیشن[1] میرے ذاتی کتب خانے میں ہے اور یہی میرے سامنے ہے، چار سو چوبیس صفحے کی یہ ضخیم تالیف منشی حسین علی فرحت دہلوی کی محنت اور توجہ کا نتیجہ ہے ۔ حمد و ثنا کے بعد سبب تالیف میں مؤلف نے بیان کیا ہے کہ "اعداد و الفاظ کی یہ جامع ڈکشنری" مادہ ہائے تاریخ کو بآسانی حاصل کرنے کے لئے مرتب کی گئی ہے ۔ ابتدائی دو صفحوں میں تاریخ گوئی کے قواعد بیان ہوئے ہیں، پھر اعداد کی ڈکشنری شروع ہو جاتی ہے ۔ ایک سے لے کر دو ہزار اعداد تک کے الفاظ، پورے چار سو بیس صفحات میں پھیلے ہوئے ہیں ۔ ہر عدد کے مقابل میں، زیادہ سے زیادہ مفرد و مرکب الفاظ دیئے گئے ہیں اور واقعہ یہ ہے کہ اس کی مدد سے دو ہزار تک کے تاریخی مادے حاصل کئے جا سکتے ہیں ۔ آخر میں فرہنگ آصفیہ کے مؤلف مولوی سید احمد دہلوی کی منثور اور منشی نثار علی کی منظوم تقریظ ہے، خاتمہ چند قطعات پر ہوتا ہے ۔ یہ طبع دوم سے متعلق ہیں ۔ جیسا کہ عرض کیا گیا ۔ اس کتاب میں فنِ تاریخ نگاری پر کوئی جامع بحث نہیں ہے ۔ البتہ، اعداد و الفاظ کا ایسا ذخیرہ ضرور فراہم کر دیا گیا ہے جس کی مدد سے معمولی پڑھا لکھا آدمی بھی اپنے ضرورت کا مادۂ تاریخ نکال سکتا ہے ۔ یہی اس کتاب کا اصل مقصود ہے ۔

تاریخ لطیف کتاب کے مؤلف مہدی علی خاں ممتاز رامپوری، امیر مینائی کے شاگردوں میں تھے، انتخاب یادگار میں ان کا ذکر آیا ہے ۔ مہدی علی خاں، ریاست رامپور کے کتب خانے میں تحویلدار تھے اور تالیف و تصنیف کا بھی گہرا ذوق و شوق رکھتے تھے ۔ ان کی ترجمہ

---

[1] مطبوعہ مطبع قاسمی شہر میرٹھ ۱۳۲۴ھ مطابق ۱۹۰۶ء

اور نقل کی ہوئی متعدد قلمی کتب و رسائل، کتب خانہ رامپور میں موجود ہیں۔ "تاریخ لطیف" بھی انھیں میں سے ایک ہے، عرشی زادہ اکبر علی خاں نے جلال لکھنوی کی "افادۂ تاریخ" کے ساتھ اس کی تلخیص بھی اپنے مفید مقدمے کے ساتھ شائع کردی ہے۔ ؎ ۱

مہدی علی خاں ممتاز نے اس کتاب میں دو سو پچاس کے قریب، اردو شعراء کی وفات سے متعلق، مختلف شعرا کے قطعات تاریخی جمع کیے ہیں اس میں شبہہ نہیں کہ بیشتر قطعات معیاری ہیں اور قدما کی وفات کے سلسلے میں اہم ماخذ کی حیثیت رکھتے ہیں، جیسا کہ ترقیمہ سے ظاہر ہے۔ کتاب کی تکمیل سنہ ۱۳۳۹ھ مطابق سنہ ۱۹۲۱ء میں ہوئی ہے۔

رہنمائے تاریخ اردو حاجی محمد عبدالقادر کی تالیف ہے۔ چھوٹی تقطیع کے ڈیڑھ سو صفحے ہیں۔ مولانا عبدالسلام ندوی کے مختصر تعارف اور مؤلف کی تمہید کے بعد، مقدمہ ہے جس کے تحت فنِ تاریخ گوئی کے اصول و قواعد زیر بحث آئے ہیں۔ صفحہ تینتیس ۳۳ سے اردو کے مشہور شعرا کے مختصر حالاتِ زندگی درج ہیں، ہر ایک کی وفات سے متعلق مختلف شعراء کے تاریخی قطعات بھی دیے گئے ہیں، مذکورہ شاعروں میں ولی دکنی سے لے کر واجد علی شاہ آختر تک سینتالیس ۴۷ ممتاز افراد شامل ہیں یہ سلسلہ صفحہ ایک سو آٹھ تک پھیلا ہوا ہے۔ بعد ازاں، دہلی اور لکھنؤ کے مغل بادشاہوں اور نوابوں سے متعلق قطعات تاریخ ہیں۔ آخری تین صفحوں میں سید مفتی ظہور الحسن زیدی کی تقریظ ہے۔ کتاب میں تاریخ گوئی کے فن پر سیر حاصل بحث تو نہیں ہے پھر بھی مختصر ہونے کے سبب عام قاری کے لئے سود مند ہے۔ کتاب مطبع معارف اعظم گڑھ سے ۱۹۳۸ء میں چھپی ہے

؎ ۱ مشمولہ و مطبوعہ نگار (رامپور) بابت جولائی سنہ ۱۹۶۳ء ص ۱۷ تا ۶۱

Marfat.com

